سوال

(80) تسبیح کے علاوہ سجدہ میں دعا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میڈسٹون کینٹ جیل سے محمد اسلم دریافت کرتے ہیں

سجدہ کے اندر نماز کی حالت میں جو تسبیح پڑھتے ہیں اس کے علاوہ بھی کوئی دعا پڑھ سکتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدے کی حالت میں بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ اس لئے زیادہ سے زیادہ دعائیں کرنا مفید ہے۔ مختصر تسبیح یعنی سبحان ربی الاعلی کے علاوہ جو دعائیں یا تسبیحیں احادیث میں آئی ہیں ان میں سے بعض درج ذیل ہیں جو نبی ﷺ نے سجدے کی حالت میں پڑھی ہیں:

۱۔ اللھم لک سجدت وبک امنت ولک اسلمت سجد وجھی للذی خلقه وصوره وشق سمعه وبصره تبارک اللہ رب العالمین۔

۲۔ اللھم اغفرلی ذنبی کله دقه وجله واوله واخره وعلانیته وسره۔ (مسلم ۴۸۳ ابوداؤد ۸۷۸)

۳۔ اللھم اعوذبک برضاک من سخطک وبمعافاتک من عقوبتک واعوذبک منک لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص205